**31.03.2026**
**21.15 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ......شبانہ بیگم

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے Vav-Tharad ضلع میں تقریباً 20ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے مغربی ایشیا کے تنازع کے اثرات کو شہریوں پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں دی۔

☆ مرکز نے نیشنل PNG ڈرائیو کو اِس برس جون تک بڑھا دیا ہے تا کہ ملک بھر میں PNG کی توسیع میں رفتار کا سلسلہ برقرار رہے۔

☆ مردم شماری 2027 کا پہلا مرحلہ، کل سے شروع ہو رہا ہے۔ ٹیکس اور بینکنگ کی بڑی اصلاحات بھی کل سے نافذ ہوجائیں گی۔

☆ جنگ سے متعلق امریکی محکمے کے سکریٹری Pete Hegseth نے خبردار کیا ہے کہ آنے والے دن ایران کیلئے فیصلہ کن ہوں گے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں چنڈی گڑھ میں پنجاب کنگس اور گجرات ٹائنٹس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Gujarat Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ مغربی ایشیا کے تنازع کے دوران بھی بھارت نے صورتحال کو کنٹرول میں رکھا ہے۔ جناب مودی نے آج سہ پہر گجرات کے Vav-Tharad ضلع میں Nani کے مقام پر 19ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے کے بعد یہ بات کہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکزی حکومت نے مغربی ایشیا کے تنازع کے اثرات کو ملک کے شہریوں پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں دی۔

**S/B: PM West Asia**

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ آج جن پروجیکٹوں کا افتتاح کیا گیا، اُن سے کنیکٹیوٹی میں بہتری آئے گی اور خطے کی سماجی اور اقتصادی ترقی میں تعاون ملے گا۔

انہوں نے مزید کہا کہ شمالی گجرات میں Deesa کے مقام پر کھولی گئی ایئر بیس، مغربی بھارت کی قومی سلامتی کیلئے بے حد اہم ہے۔

**S/B: PM Projects**

اِن پروجیکٹوں میں مرکزی حکومت کی توانائی، سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں اور ریلویز کی وزارتوں کے 10 ہزار 921 کروڑ روپے کی مالیت کے ترقیاتی کام اور ریاستی سرکار کے شہری ترقی، آبی وسائل، پانی کی سپلائی، سڑک اور مکانات، GIDC، صحت اور خاندانی بہبود، سیاحت اور قبائلی ترقی کے محکموں کے 8ہزار 886 کروڑ روپے کے ترقیاتی کام شامل ہیں۔اِس سے قبل آج دن میں وزیر اعظم نے Sanand میں Kaynes سیمی کنڈکٹر کے OSAT پلانٹ کا بھی افتتاح کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ اِس پلانٹ میں بننے والے سیمی کنڈکٹر، سیمی کنڈکٹروں کے شعبے میں ایک اہم حصولیابی ہیں۔وزیر اعظم نے آج مہا ویر جینتی کے موقع پر گاندھی نگر میں Koba کے مقام پر سمراٹ Samparti میوزیم کا بھی افتتاح کیا۔ یہ میوزیم جین تاریخ اور سمراٹ سمپرتی کی حیات، اُن کے دور اور عدم تشدد کے اُن کے پیغام کیلئے وقف ہے۔ x

## West Asia Daily Briefing

حکومت نے پورے ملک میں PNG کی توسیع میں استحکام برقرار رکھنے کیلئے قومی PNG مہم 2.0میں 30 جون 2026 تک توسیع کردی ہے۔ حکومت نے گیس کی تقسیم کاری کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ گھریلو PNG کنکشن فراہم کرنے میں مزید تیزی لائیں۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا کہ مارچ کے مہینے کے دوران گھریلو، کمرشیل، ہوسٹل، Mess اور کینٹین سمیت 3لاکھ 10ہزار سے زیادہ کنکشنز کو گیس کی سپلائی فراہم کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ 2لاکھ 70ہزار نئے کنکشن فراہم کئے گئے ہیں اور ان میں گیس کی سپلائی زیر عمل ہے۔ وزارت نے مزید بتایا کہ یکم مارچ سے اب تک یومیہ 50لاکھ گھریلو LPG سلنڈرز دستیاب کرائے جارہے ہیں۔

بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت نے کہا کہ خطے میں تمام بھارتی جہازراں بحفاظت ہیں، پچھلے 24 گھنٹے میں بھارتی پرچم بردار، بحری جہاز سے متعلق کسی واقعہ کی کوئی رپورٹ نہیں ہے۔ وزارتِ خارجہ نے کہا کہ 28فروری سے اب تک 5لاکھ 72ہزار مسافر وطن واپس آئے ہیں۔x

## Defence BEL Deal

وزارتِ دفاع نے آج نئی دلّی میں بھارت الیکٹرانکس لمیٹڈ BEL کے ساتھ ایک ہزار 950 کروڑ روپے کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں، جس کی رُو سے وہ بھارتی فضائیہ کیلئے 2ماؤنٹین راڈارس حاصل کرے گی۔ وزارت نے مطلع کیا کہ BUY یعنی بھارت ہی میں ڈیزائن، ڈیولپ اور مینوفیکچر کیے جانے کے زمرے کے تحت دستخط کیا گیا یہ معاہدہ، حکومت کی آتم نربھر بھارت اور میک اِن انڈیا پہل سے قطعی مطابقت رکھتا ہے۔ یہ راڈارس، دفاعی تحقیق اور ترقی کی تنظیم کے تحت الیکٹرانک اور راڈار ڈیولپمنٹ اسٹیبلشمینٹ کے تحت ڈیزائن اور ڈیولپ کیے گئے ہیں اور اِن کی مینوفیکچرنگ BEL کے ذریعے ہوگی۔ x

## Census 2027

مردم شماری 2027 کا پہلا مرحلہ کل سے شروع ہوگا۔ یہ دنیا کی سب سے بڑی مردم شماری ہوگی۔ پہلی بار، ڈیجیٹل طریقے سے مردم شماری کرائی جائے گی اور از خود اندراج کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ انڈمان ونکوبار جزائر، این ڈی ایم سی کے علاقے اور دلّی Contonment بورڈ، گوا، کرناٹک، لکشدیپ، میزورم، اڈیشہ اور سکم میں از خود اندراج کا سلسلہ کل سے شروع ہوکر 15اپریل تک جاری رہے گا جبکہ مکانات کی فہرست سازی اور گھرگھر جا کر مردم شماری کا سلسلہ 16اپریل سے شروع ہوگا اور یہ 15مئی تک جاری رہے گا۔ مدھیہ پردیش، آندھراپردیش، اروناچل پردیش، چنڈی گڑھ، چھتیس گڑھ اور ہریانہ میں گھر گھر جا کر مردم شماری یکم مئی سے 30مئی کے دوران ہوگی جبکہ ازخود اندراج کیلئے 16اپریل سے 30اپریل تک اندراج کی اجازت ہوگی۔

بھارت کے رجسٹرار جنرل اور Census کمشنر Mritunjay Kumar Narayan نے آکاشوانی سے خصوصی بات چیت میں ڈیجیٹل مردم شماری کے فائدوں کے بارے میں وضاحت کی۔

**S/B Mrityunjay Kumar**

## New Rules 1th April

کل نئے مالی سال کے آغاز کے ساتھ ہی اہم مالیاتی ضابطوں کی تبدیلی سمیت کئی اصلاحات، نافذ العمل ہوجائیں گی۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Anupam Mishra**

تقریباً چھ دہائی پرانے انکم ٹیکس ایکٹ کی جگہ، کل سے نیا انکم ٹیکس ایکٹ 2025نافذ ہوجائے گا۔ اِسے ٹیکس نظام کو سادہ بنانے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ فرسودہ شقوں کو ہٹا کر، پیچیدہ ضابطوں کو چست درست کرکے اور ٹیکس دہندگان کیلئے اِس پر عمل آوری کو زیادہ آسان بنا کر سادہ کیا گیا ہے۔ کل سے ملک میں سبھی ڈیجیٹل ادائیگیوں اور لین دین کیلئے ریزرو بینک آف انڈیا کی ہدایت کے مطابق two-factor authentication کے ضابطوں پر عمل کرنا ضروری ہوگا۔ مالی برس 2026-27 کیلئے فاسٹ ٹیگ کے سالانہ نظرثانی شدہ پاس کی فیس بھی کل سے لاگو ہوجائے گی۔ پرمانینٹ اکاؤنٹ نمبر PAN کارڈ جاری کرانے یا اُسے اپڈیٹ کرانے کے نظرثانی شدہ ضابطوں پر بھی کل سے عمل کیا جائے گا۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں کونین حیدر

## Chhatisgarah Maoists

چھتیس گڑھ میں واقع بستر ڈویژن میں 33ماؤنوازوں نے آج خود سپردگی کی ہے۔ ان میں سے 17خاتون ماؤنواز ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC Vikalp Shukla**

بستر ڈویژن کے ضلع بیجاپور میں آج 25ماؤنوازوں نے خود سپردگی کی ہے ان کے علاوہ پانچ ماؤنوازوں نے دنتے واڑہ میں، دو Kanker ضلع میں اور ایک نے ضلع نارائن پور میں خود سپردگی کی ہے۔ خودسپردگی کرنے والے ماؤنوازوں سے موصول اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز نے تقریباً سات کلو گرام سونا اور تین کروڑ روپئے نقد برآمد کئے ہیں، جسے ماؤنوازوں نے بیجاپور ضلع میں چھپا رکھا تھا۔ ماؤنوازوں کے خلاف کارروائیوں کی تاریخ میں یہ اب تک کی سب سے بڑی برآمد ہے۔ برآمد کئے گئے سونے اور نقد کی کُل مالیت 14 کروڑ روپئے سے زیادہ ہے۔ سکیورٹی فورسز نے AK-47رائفلز، لائٹ مشین گن اور سیلف لوڈنگ رائفلز سمیت 93ہتھیار بھی ضبط کئے ہیں۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالحفیظ

## US Warn Iran

امریکہ میں محکمۂ جنگ کے سکریٹری اور پنٹاگن کے سربراہ Pete Hegseth نے آج کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ میں آنے والے دن فیصلہ کُن ہوں گے۔ پچھلے دو ہفتوں میں اپنی پہلی نیوز کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ ایران کے خلاف ایک مہینے سے زیادہ عرضے سے جاری امریکہ–اسرائیل فوجی مہم، اب بھی جاری ہے، تاہم تنازع کو ختم کرنے کے سلسلے میں ہونے والے مذاکرات میں استحکام آرہا ہے۔

پنٹاگن کے سربراہ نے البتہ تنازع میں امریکہ کی زمینی افواج کی جانب سے کوئی رول ادا کرنے کو خارج از امکان قرار دیا۔ جناب Hegseth کے ساتھ موجود امریکی فوج کے اعلیٰ افسر جنرل Dan Caine نے بتایا کہ امریکی افواج نے اب تک گیارہ ہزار سے زیادہ نشانے لگائے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ امریکہ، ایران کے بیلسٹک میزائل اور ڈرون صلاحیتوں کو تباہ کر رہا ہے۔اِدھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں یوروپی اتحادیوں کی نکتہ چینی کی ہے کہ وہ جنگ میں زیادہ حصہ نہیں لے رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ برطانیہ اور دیگر ممالک، جنہیں ایندھن کی ضرورت ہے، وہ آبنائے ہرمز سے اپنے لیے خود تیل حاصل کریں۔اِدھر کویت کے ایک تیل کے ٹینکر پر دبئی کے قریب حملہ کیا گیا، جس میں کئی لاکھ بیرل خام تیل بھرا ہوا تھا۔ افسران نے اِس حملے کیلئے ایران پر الزام لگایا ہے۔ میڈیا رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اِس پر سوار عملے کے 24افراد محفوظ ہیں اور آگ قابو میں ہے۔

اسرائیل، ایران اور متحدہ عرب امارات میں نئے حملوں اور میزائلوں کو بیچ میں ہی گرانے کی رپورٹیں ملی ہیں اور دبئی میں ملبہ گرنے کے سبب کئی افراد کے زخمی ہونے کی اطلاع ہے۔ x

## Puducherry ECI Guidelines

پڈوچیری میں انتخابی کمیشن نے قومی اسمبلی کے آنے والے انتخابات 2026 کیلئے ضابطۂ اخلاق کی رو سے انتخابی منشور کے مطابق تفصیلی رہنما خطوط جاری کیے۔ رہنما خطوط کے مطابق سیاسی پارٹیوں کو اپنے انتخابی منشور جاری

کیے جانے کے تین دن کے اندر اعلیٰ الیکٹرول آفیسر کو اپنے منشور کی تین کاپیاں پیش کرنی ہوں گی۔ اگر منشور کی اشاعت کسی علاقائی زبان میں عمل میں آئی ہے تو اِس کا انگریزی ترجمہ بھی مہیا کرانا ہوگا۔ کمیشن نے یہ ہدایت بھی دی ہے کہ پارٹیاں، اِس بات کی تصدیق کرتے ہوئے ایک حلف نامہ بھی داخل کریں گی کہ منشور میں درج تمام وعدوں اور اسکیموں پر ضابطۂ اخلاق کی شقوں کے مطابق عمل کیا جائے گا۔ x

**Panjab ECI**

انتخابی کمشنر ڈاکٹر ایس ایس سندھو نے پنجاب میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی سے قبل کے جائزے کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ پنجاب کی اعلیٰ انتخابی افسر محترمہ انندتا مشرا نے مطلع کیا کہ ریاست میں SIR سے قبل کے عمل کے تحت 72اعشاریہ دو چھ فیصد ووٹروں کا جائزہ لیا جاچکا ہے۔ انھوں نے کہا کہ محکمہ SIR سے قبل کے عمل کا مسلسل جائزہ لے رہا ہے اور ضلع انتخابی افسروں کو ہر ایک پولنگ مراکز کی نگرانی کو یقینی بنانے کیلئے کہا گیا ہے۔x

**ED Summons**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے PMLA اور کوئلہ گھوٹالہ معاملے میں کولکاتہ پولیس کی خصوصی برانچ کے ڈپٹی کمشنر Shantanu سنہا بسواس کو سمن جاری کیا ہے۔ ED نے 6اپریل کو صبح گیارہ بجے نئی دلّی میں ایجنسی کے سامنے پیش ہونے کی ہدایت دی ہے۔x

**Mahavir Jayanti**

24ویں اور آخری جین تیرتھنکر بھگوان مہاویر کا یومِ پیدائش، مہاویر جینتی آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔ مہاویر جینتی، جین فرقے کیلئے انتہائی مقدس دنوں میں سے ایک دن ہے اور یہ اُن کی مذہبی زندگی میں بے حد اہمیت کا حامل ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے مہاویر جینتی کے موقع پر آج اہلِ وطن کو مبارکباد پیش کی ہے۔x

**Appointment**

حکومت نے آج مختلف وزارتوں اور محکموں میں نئے سکریٹریوں کا تقرر کیا ہے۔ بہار کاڈر کے 1992 بیچ کے IAS افسر چنچل کمار کا اطلاعات ونشریات کی وزارت میں بطور سکریٹری تقرر کیا گیا ہے۔ اطلاعات ونشریات کی وزارت میں موجودہ سکریٹری سنجے جاجو کو شمال مشرقی خطے کی ترقی کی وزارت میں سکریٹری کے طور پر مقرر کیا گیا ہے جبکہ بھونیش کمار کو سیاحت کے سکریٹری اور سری وتسا کرشنا کا اقلیتی امور کے سکریٹری کے طور پر تقرر کیا گیا ہے۔ Rohit Kansal کو دیہی ترقی کے محکمے کا سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔x

## Film Festival

سات روزہ بین الاقوامی فلم فیسٹول دلّی 2026 کا آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اختتام ہوگیا۔ اِس فیسٹول میں دنیا بھر کی 125 سے زیادہ فلمیں دکھائی گئیں اور اِس طرح یہ بھارت کے عالمی سینما کے تعلق سے سال بھر ہونے والے پروگراموں میں ایک بڑا اضافہ ہے۔ فیسٹول کے حصے کے طور پر عوام کیلئے فلموں کی مفت نمائش، اُن پر تبادلۂ خیال، ورکشاپس اور ثقافتی پروگرام بھی منعقد کیے گئے۔ x

## Pak Minority Protests

پاکستان میں، عیسائی تنظیموں اور حقوق انسانی کے کارکنان نے کراچی میں مظاہرے کرکے نابالغ لڑکیوں کی حفاظت خصوصاً مبینہ جبراً شادی اور تبدیلی مذہب کے معاملوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق، نیشنل Christian پارٹی اور گواہی مشن ٹرسٹ سمیت کئی گروپس نے الگ الگ جگہوں پر مظاہرے کیے جس سے اس طبقے میں بڑے پیمانے پر پائی جانے والی تشویش کا اظہار ہوتا ہے۔ ان مظاہروں میں شامل عورتوں اور لڑکیوں نے قانونی تحفظ اور منصفانہ رویے کا مطالبہ کیا۔x

## Mongloia PM

Uchral Nyam-Osor کو منگولیا کا نیا وزیر اعظم منتخب کیا گیا ہے۔ ملک میں سیاسی عدم استحکام اور اقتصادی دباؤ میں شدت کے دوران پچھلے 9مہینے میں وہ ملک کے تیسرے لیڈر ہیں، جنہیں اِس عہدے کیلئے چنا گیا ہے۔ پارلیمنٹ نے مضبوط اکثریت کے ساتھ اُن کے نام کی تصدیق کی اور اِس طرح اُس نے ہفتوں سے جاری تعطل کے بعد، جس کے سبب اُن کے پیشرو کو استعفیٰ دینا پڑا تھا، ایک اصلاح پسند امیدوار کو منتخب کیا۔ Uchral پارلیمنٹ کے اسپیکر رہ چکے ہیں اور وہ حکمراں پارٹی کے قائد ہیں۔ عہدے سے سبکدوش ہونے والے وزیر اعظم Zandanshatar Gombojav کو ایک سینئر ممبر پر لگائے گئے بدعنوانی کے الزامات سے وابستہ دباؤ کے سبب اپنے عہدے کو چھوڑنا پڑا، جس سے Uchral کے انتخاب کی راہ ہموار ہوئی۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں چنڈی گڑھ میں گجرات ٹائٹنس اور پنجاب کنگس کے درمیان میچ جاری ہے۔گجرات ٹائٹنس نے پنجاب کنگس کو جیت کیلئے 163رن کا نشانہ دیا ہے۔ اس سے پہلے اُس نے اپنے مقررہ اوورس میں 6وکٹ پر 162رن بنائے۔اس سے پہلے پنجاب کنگس نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆